حضرت مولانا مفتی محمدؐ نعیم صاحبؒ لدھیانوی

مکرّم و محترم مولانا احمد علی صاحب دروازہ شیرانوالہ۔ لاہور

السّلام علیکم ورحمۃ اللہ ——— آپ کا ارسال کردہ مطبوعہ نمونہ حواشی قرآن کریم موصول ہُوا۔ اس سے قبل مولانا محمدؐ چراغ صاحب کی معرفت آپ کے تحریر کردہ قلمی حواشی کا قرآن کریم کے مختلف مقامات سے بالاستیعاب دیکھنے کا بھی اتّفاق ہُوا ہے۔ جہاں تک میرا خیال ہے اسلوبِ بیان، خلاصہ آیت ربطِ مضامین اور تفسیر آیات میں جس حُسنِ نظم سے کام لیا گیا ہے موجُودہ عنوان اور صورت میں اس کی نظیر بہت کم ملتی ہے۔ گو اصُولاً متفرّق طور پر تمام مواد متعلّقہ کتب میں دستیاب ہو سکتا ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی اس شاندار خدمت کو قبول فرمائے اور مُسلمانوں کو اس سے نفع اُٹھانے کی توفیق عنایت فرمائے۔ میرے ناقص خیال میں اگر آپ اسے حواشی کی بجائے تفسیر کی شکل میں طبع فرماتے تو زیادہ مناسب تھا۔ جہاں تک میرا خیال ہے انگریزی دان احباب کو یہ حواشیٔ قرآن کریم اُنھیں دیگر زمانۂ حال کی تمام تفاسیر سے بالکل مُستغنی کر دیں گے۔

بندہ محمد نعیم عفا اللہ از لودھیانہ 25/11/36